بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُونَ (سورۃ الانبیاء)

بلکہ ہم حق کو باطل پر پھینک مارتے ہیں تو وہ اس کا بھیجا نکال دیتا ہے تو جبھی وہ مٹ کر رہ جاتا ہے اور تمہاری خرابی ہے ان باتوں سے جو بناتے ہو (کنزالایمان)

التنویر

لدفع ظلام

التحذیر

یعنی مسئلہ ختم نبوت

از قلم

ابوالفضل حضرت علامہ مولانا غلام علی قادری اشرفی علیہ الرحمۃ

شیخ القرآن والحدیث جامعہ حنفیہ دارالعلوم اشرف المدارس اوکاڑہ

مسئلہ تکفیر کے متعلق چند مسلّمہ اصول

کافر کو مسلمان کہنا بھی کفر ہے

"علمائے اسلام جلد باز ہیں، نہ فروعی اور ظنیات اور اجتہادی امور میں کوئی تکفیر کرتا ہے بلکہ جب تک آفتاب کی طرح کفر ظاہر نہ ہو جائے۔ یہ مقدس جماعت کبھی ایسی جرأت نہیں کرتی۔ حتی الوسیع کلام میں تاویل کر کے صحیح معنی بیان کرتے ہیں۔ مگر جب کسی کا دل ہی جہنم میں جانا چاہے اور وہ خود ہی اسلام کے وسیع دائرہ سے خارج ہو جائے تو علمائے اسلام مجبور ہیں جس طرح مسلمان کو کافر کہنا کفر ہے۔ اس طرح کافر کو مسلمان کہنا بھی کفر ہے۔ (اشد العذاب ص۳) علماء نے بہت احتیاط کی مگر جب کلام میں تاویل کی گنجائش نہ رہے۔ اور کفر آفتاب کی طرح روشن ہو جائے تو بجز تکفیر کے چارہ ہی کیا ہے؟"

1۔ ایسے وقت میں اگر علماء سکوت کریں اور خلقت گمراہ ہو جائے تو اس کا وبال کس پر ہوگا؟ آخر علماء کا کام کیا ہے؟ جب وہ کفر اور اسلام میں فرق بھی نہ بتائیں تو اور کیا کریں گے؟ (اشد العذاب ص۳، ۴)

۲۔ انبیاء علیہم السلام کی تعظیم کرنی اور توہین نہ کرنا ضروریات دین سے ہے۔ (اشد العذاب ص۹)

۳۔ احتیاط۔ جیسے کسی مسلمان کو اقرار توحید و رسالت وغیرہ عقائد اسلامیہ کے سبب سے کافر کہنا کفر ہے۔ کیونکہ اس نے اسلام کو کفر بتایا۔ اسی طرح کسی کافر کو عقائد کفریہ کے باوجود مسلمان کہنا بھی کفر ہے۔ کیونکہ اس نے کفر کو اسلام بتایا۔ حالانکہ کفر کفر ہے اور اسلام اسلام ہے۔ اس مسئلہ کو مسلمان خوب اچھی طرح سمجھ لیں اکثر لوگ اس میں احتیاط کرتے ہیں۔ حالانکہ احتیاط یہی ہے کہ جو منکر ضروریات دین ہو اسے کافر کہا جائے کیا منافقین توحید و رسالت کا اقرار نہ کرتے تھے؟ پانچوں وقت قبلہ کی طرف نماز نہ پڑھتے تھے؟ مسیلمہ کذاب وغیرہ مدعیان نبوت اہل قبلہ نہ تھے؟ انہیں بھی مسلمان کہو گے؟

(اشد العذاب ص۹، احسن البیان محمد ادریس کاندھلوی، کفر و ایمان مفتی محمد شفیع)

۴۔ جو کافر اور مرتد کو کافر اور مرتد نہ کہے وہ بھی کافر ہے۔ (اشد العذاب ص۳، اکفار الملحدین، کفر و ایمان۔ (احسن الایمان)

۵۔ دیوبندی مناظر کا اعترافِ حقیقت:۔

اعلیٰحضرت مولانا احمد رضا خان صاحب کا فتویٰ بالکل صحیح ہے۔ چنانچہ مولوی مرتضیٰ حسن دربھنگی لکھتے ہیں: "بعض علمائے دیوبند کو خانصاحب بریلوی فرماتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین نہیں جانتے (جیسا کہ قاسم نانوتوی نے تحذیر الناس میں لکھا ہے) اور چوپائے و مجانین کے علم کو آپکے علم کے برابر کہتے ہیں۔ (جیسا کہ حفظ الایمان میں تھانوی کی عبارت ہے) شیطان کے علم کو آپکے (صلے اللہ علیہ وسلم) علم سے زائد کہتے ہیں لہٰذا وہ کافر ہیں۔ تمام علمائے دیوبند فرماتے ہیں کہ خانصاحب کا یہ حکم بالکل صحیح ہے جو ایسا کہے وہ کافر ہے۔ مرتد ہے۔ ملعون ہے لاؤ ہم بھی تمہارے فتوے پر دستخط کرتے ہیں۔ بلکہ ایسے مرتدوں کو جو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہے۔ یہ عقائد بیشک کفریہ عقائد ہیں (اشد العذاب ص ۱۲، ۱۳)۔

اگر خانصاحب کے نزدیک بعض علمائے دیوبند واقعی ایسے ہی تھے جیسا کہ انہوں نے سمجھا تو خانصاحب پر اُن علمائے دیوبند کی تکفیر فرض تھی، اگر وہ اُن کو کافر نہ کہتے تو خود کافر ہو جاتے۔ جیسے علمائے اسلام نے جب مرزا صاحب کے عقائد کفریہ معلوم کر لیے اور وہ قطعاً ثابت ہو گئے۔ تو اب علمائے اسلام پر مرزا صاحب اور مرزائیوں کو کافر و مرتد کہنا فرض ہو گیا اگر وہ مرزا صاحب اور مرزائیوں کو کافر نہ کہیں، چاہے وہ لاہوری ہوں یا قادیانی وغیرہ وغیرہ تو وہ خود کافر ہو جائیں گے۔

کیونکہ جو کافر کو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہے۔ (اشد العذاب ص ۱۳، ص ۱۴)۔

۶۔ کلمات کفر بکنے والا جب تک اپنے ان کفریات سے توبہ نہ کرے اسکا دعویٰ اسلام بیکار ہے۔ دربھنگی اسی اشد العذاب میں لکھتا ہے۔

"مرزائی دھوکہ دینے کی غرض سے وہ عبارات پیش کر دیتے ہیں۔ جن میں ختم نبوت کا اقرار ہے۔ عیسٰی علیہ السلام کی تعظیم اور عظمتِ شان کا اقرار ہے۔ اسکا مختصر جواب یہ ہے کہ مرزا صاحب ماں کے پیٹ سے کافر نہ تھے۔ ایک مدت تک مسلمان تھے اور چونکہ دجال تھے اسوجہ سے ان کے کلام میں باطل کے ساتھ حق بھی ہے۔ تو پہلی عبارات مفید نہیں۔ جب تک کوئی ایسی عبارت نہ دکھائیں۔ کہ میں نے جو فلاں معنی ختم نبوت کے لکھے ہیں وہ غلط ہیں۔ یہ صحیح معنے ہیں کہ آپ کے بعد کوئی بھی نبی حقیقی نہ ہوگا یا عیسٰی علیہ السلام کو جو فلاں جگہ گالیاں دی گئیں کافر ہوا تھا۔ اس سے توبہ کر کے مسلمان ہوتا ہوں۔ ورنہ دیکھے تو مرزا صاحب اور تمام مرزائی الفاظ اسلام ہی کے بولتے ہیں

قبول کی جائے گی وہی ہوں لیکن یہ فخریہ نہیں کہہ رہا ہوں۔ (دارمی۔ مشکوٰۃ صہ ۵۱۳)۔

(۶) عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے راوی، فرمایا "انی عند اللہ مکتوب خاتم النبیین وان ادم لمنجدل فی طینتہ" میں بیشک اللہ کے ہاں آخری نبی لکھا ہوا تھا دراں حالیکہ آدم علیہ السلام اپنی مٹی میں پڑے ہوئے تھے۔

(تفسیر ابن کثیر جلد ۳ صہ ۴۹۳۔ مشکوٰۃ صہ ۵۱۳)

(۷) ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "انا اٰخر الانبیاء وانتم اٰخر الامم" میں سب نبیوں سے آخری اور تم سب امتوں سے آخری امت ہو۔ (ابن ماجہ صہ ۳۰۷)۔

(۸) سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ "قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لعلی انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی"۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ تجھے میرے ساتھ وہ نسبت ہے جو ہارون علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام سے حاصل تھی مگر تحقیق شان یہ ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ (مسلم ج ۲ صہ ۲۷۸۔ بخاری جلد ۲ صہ ۶۳۳۔ واللفظ لمسلم)

(۹) عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "لو کان بعدی نبی لکان عمر ابن الخطاب" اگر (بالفرض محال) میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر بن خطاب ہوتا۔ (ترمذی۔ مشکوٰۃ باب مناقب عمر صہ ۵۵۸)

(۱۰) انس ابن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ "ان الرسالۃ والنبوۃ قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی" بیشک رسالت اور نبوت کا سلسلہ منقطع ہو گیا ہے پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہے اور نہ کوئی نبی۔

(احمد، ترمذی۔ ابن کثیر ج ۳ صہ ۴۹۳)

(۱۱) "انہ سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلھم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی"۔ (ابوداؤد ج ۲ صہ ۲۰۶، ترمذی ج ۲ صہ ۳۲۳ عن ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ)۔

بیشک میرے بعد میری امت میں تیس کذاب ہوں گے۔ ان میں سے ہر ایک گمان کرے گا کہ وہ

نبی ہے۔ حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

(۱۲) یہی روایت حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی مروی ہے جس کے آخر میں یہ بھی فرمایا ہے۔ "وانی خاتم النبیین لا نبی بعدی" میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ (رواہ احمد والطبرانی فی الکبیر الاوسط والبزار ورجال البزار رجال الصحیح مجمع الزوائد ج ۸، ص ۲۳۲)

بارہ کا عدد متبرک سمجھ کر انہی احادیث پر ہی اکتفا کرتا ہوں۔ ورنہ اس باب میں احادیث کثیرہ وارد ہیں جنہیں امام اہلسنت مولانا احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف لطیف "جزاء اللہ عدوہ" میں اور مفتی محمد شفیع دیوبندی نے "ختم النبوۃ فی الاحادیث" میں جمع کیا ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ خاتم النبیین کے معنی تو آخر النبیین ہی کے ہیں جس نبی پر یہ آیت اتری اس نے اس آیت کے یہی معنی سمجھے اور یہی سمجھائے اور جن صحابہ کرام نے اس نبی سے قرآن اور اس کی تفسیر پڑھی انہوں نے بھی یہی معنی سمجھے اور اپنے بعد والوں کو بتائے۔ "فمن شاء فلیؤمن ومن شاء فلیکفر"۔ الغرض حق روز روشن کی طرح واضح ہے کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ (مسک الختام ص ۲۵)۔

"جملہ لا نبی بعدی جملہ خاتم النبیین کی تفسیر ہے اور لا نفی جنس کا ہے جو نکرہ پر داخل ہوا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ میرے بعد یہ جنس ہی ختم ہے" (مسک الختام ص ۲۲)

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد ذاتی، عرضی، اصلی، ظلی، بروزی، تشریعی یا غیر تشریعی اس زمین میں یا کسی اور طبقے میں، حضور کے زمانہ ظاہری میں یا حضور کے بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا بلکہ کسی نبی کا آنا ممکن ہی نہیں ہے۔

"مسند امام احمد اور معجم طبرانی کی روایت کے ماتحت اس روایت میں بھی خاتم النبیین کے بعد لا نبی بعدی بطور تفسیر مذکور ہے۔ اور اسی وجہ سے اس جملہ کا پہلے جملہ پر عطف نہیں کیا گیا اس لیے کہ بلاغت کا قاعدہ ہے کہ جب جملہ ثانیہ جملہ اولیٰ کے لیے عطف بیان ہو تو پھر عطف ناجائز ہو جاتا ہے اس لیے کہ عطف نسق چاہتا ہے تغایر کو اور عطف بیان چاہتا ہے کمال اتحاد کو ____ اور کمال وحدت اور مغائرت جمع نہیں ہو سکتی"

(مسک الختام ص ۲۳)